## سوال

مخالف نیت کے ساتھ امام کے پیچھے نماز

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

میں مسجد میں آیا توامام صاحب عصر کی نماز پڑھا رہے تھے ۔ لیکن میں نے ابھی تک ظہر کی نماز ادا نہیں کی تھی لہذا میں ظہر کی نیت سے امام کے ساتھ شامل ہوگیا،جماعت سے فراغت کے بعد میں نے نماز عصر کو انفرادی طور پر ادا کرلیا تو کیا یہ جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں عصر کی نماز پڑھنے والے امام کی اقتداء میں آپ نماز ظہر اور ظہر کی نماز ادا کرنے والے امام کی اقتداء میں آپ نماز عصر پڑھ سکتے ہیں کیونکہ دونوں نمازوں کی رکعات کی تعداد ایک ہی جیسی ہے اس حالت میں پوشیدہ نیت کا اختلاف موجب نقصان نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص393

## محدث فتویٰ